سوال

(311)داڑھی مونڈھ کے پیچھے نماز کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاتة

ایک آدمی جان بوجھ کر ڈاڑھی منڈواتا ہے ایسے آدمی کے پیچھے نماز جائز ہے یا نہیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاتہ!

الحمد لله، والصلاة والسلام علیٰ رسول الله، أما بعد!

یہ شخص فاسق ہے اورفاسق کو قصداًامام نہیں بنانا چاہیے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں اجعلوا ائمتکم خیارکم اگروہ نماز پڑھارہاہواوراس کے پیچھے نماز نہ پڑھنے میں فتنہ کا خوف نہ ہو تواس کے پیچھے نماز نہیں پڑھنی چاہیے اوراگر کوئی پڑھ لے تواس کی نماز ہوجائے گی۔ (محدث دہلی جلد نمبر۹ شمارہ نمبر ۱)

فتاویٰ علمائے حدیث

کتاب الصلاۃ جلد 1 ص 241

محدث فتویٰ